© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**حیاتِ مسیح علیہ السلام** | تالیف: جناب عباس محمود العقاد ۔ ترجمہ:۔ جناب منہاج الدین اصلاحی شائع کردہ:۔ پاکستان کواپریٹو پبلشرز ۲۔ فیضی سٹریٹ اچھرہ موڑ۔ لاہور قیمت:۔ ۵ روپے صفحات:۔ ۲۹۲

اس کتاب میں فاضل مصنف نے تاریخ اور جدید عصری انکشافات کی روشنی میں سیدنا عیسٰے علیہ السلام کی شخصیت، کردار اور عظمت بیان کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان کی یہ تالیف ایک خاص دعوے کی تائید میں ہے جس کا ماحصل ان کے الفاظ میں یہ ہے:۔

"عظیم الشان نبوتوں نے ہمیشہ ان شہروں کا انتخاب کیا ہے جنھیں قافلوں اور کاروانوں کی گذرگاہ کی حیثیت حاصل تھی اس لیے کہ ان میں جو معاشرہ جنم لیتا تھا اسے حضارت اور بداوت کے بین بین درجہ دیا جا سکتا ہے"

پوری کتاب میں اسی دعوے کو صحیح ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ فاضل مصنف نے سیرت خلیل علیہ السلام اور سیرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی اسی زاویہ نگاہ سے قلم بند کیا ہے۔ کتاب کا ترجمہ بڑا عمدہ، سلیس اور رواں ہے اور اس میں کسی ایک مقام پر بھی ترجمہ پن محسوس نہیں ہوتا۔

---

**قطع ید اور اسلامی آیڈیالوجی (زبان انگریزی)** | تالیف:۔ جناب محمد اقبال غازی ایڈووکیٹ، ملنے کا پتہ:۔ ریپن پرنٹنگ پریس بل روڈ لاہور، یا براہ راست مصنف سے:۔ بی/۱۶۲ پت رنگن سٹریٹ بھاٹی گیٹ لاہور۔

© rasailojaraid.com